Urdu (اردو)




# حضرت عیسیٰ المسیح کی خاص پیدائش

# حضرت عیسیٰ المسیح کی خاص پیدائش

پچھلے سبق میں، میں نے آپ کو حضرت عیسیٰ المسیح کا واقعہ سنایا۔ یاد رکھیے، حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش خاص تھی۔ وہ ایک کنواری عورت سے پیدا ہوئے۔ فرشتے بھی آئے، اور اُن کی پیدائش کا اعلان کیا۔ کیا کسی اور نبی کی پیدائش اتنی خاص تھی؟

حضرت عیسیٰ المسیح کے معجزات بھی بہت خاص تھے۔ اُنہوں نے بیماروں کو ٹھیک کیا، مردوں کو زندہ کیا۔ ایک مرتبہ حضرت عیسیٰ المسیح نے صرف پانچ روٹی اور دو مچھلیوں سے پانچ ہزار لوگوں کو کھانا کھلایا! کیا کسی اور نبی نے اتنے بڑے معجزات دکھائے؟

حضرت عیسیٰ المسیح کی تعلیم بھی لاجواب تھی۔ اُنہوں نے فرمایا:

''راہ اور حق اور زندگی میں ہوں۔ کوئی میرے وسیلے کے بغیر باپ کے پاس نہیں آسکتا۔''

تو حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش خاص تھی، اُنہوں نے بڑے معجزات دکھائے، اور اُن کی تعلیم بے مثال تھی۔ مگر اِن سب سے بھی زیادہ خاص بات یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ المسیح نے ہمارے گناہوں کی معافی کے لیے اپنی جان کی قربانی دی۔ اُنہیں دفن کیا گیا، اور تین دن بعد وہ دوبارہ زندہ ہوگئے۔ وہ قبر سے نکل کر جنت چلے گئے! آج حضرت عیسیٰ المسیح جنت میں ہیں، اور قیامت کے دن سے پہلے وہ دوبارہ آئیں گے۔

آج میں حضرت عیسیٰ المسیح کی خاص پیدائش کے بارے میں انجیل شریف کا ایک حصہ آپ کو سنانا چاہتا ہوں۔ متی کے پہلے حصے میں انجیل شریف کے اندر اُن کی معجزانہ پیدائش لکھی گئی ہے۔

انجیلِ متی (1:18-25)

حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش یوں ہوئی:

اُس وقت اُس کی ماں مریم کی منگنی یوسف کے ساتھ ہو چکی تھی کہ وہ روح القدس سے حاملہ پائی گئی۔ ابھی اُن کی شادی نہیں ہوئی تھی۔

اُس کا منگیتر یوسف راستباز تھا، وہ علانیہ مریم کو بدنام نہیں کرنا چاہتا تھا۔ اِس لیے اُس نے خاموشی سے یہ رشتہ توڑنے کا ارادہ کر لیا۔

وہ اس بات پر ابھی غور و فکر کر ہی رہا تھا کہ رب کا فرشتہ خواب میں اُس پر ظاہر ہوا اور فرمایا، ''یوسف بن داؤد، مریم سے شادی کر کے اُسے اپنے گھر لے آنے سے مت ڈر، کیونکہ پیدا ہونے والا بچہ روح القدس سے ہے۔

اُس کے بیٹا ہوگا اور اُس کا نام عیسیٰ رکھنا، کیونکہ وہ اپنی قوم کو اُس کے گناہوں سے رہائی دے گا۔''

یہ سب کچھ اِس لیے ہوا تا کہ رب کی وہ بات پوری ہو جائے جو اُس نے اپنے نبی کی معرفت فرمائی تھی،

''دیکھو ایک کنواری حاملہ ہوگی۔ اُس سے بیٹا پیدا ہوگا اور وہ اُس کا نام عمانوایل رکھیں گے۔'' (عمانوایل کا مطلب 'خدا ہمارے ساتھ' ہے۔)

جب یوسف جاگ اُٹھا تو اُس نے رب کے فرشتے کے فرمان کے مطابق مریم سے شادی کر لی اور اُسے اپنے گھر لے گیا۔

لیکن جب تک اُس کے بیٹا پیدا نہ ہوا وہ مریم سے ہمبستر نہ ہوا۔ اور یوسف نے بچے کا نام عیسیٰ رکھا۔

اب، میں آپ کو اِس واقعہ کے چار اہم باتیں بتاتا ہوں، جو حضرت عیسیٰ المسیح کے بارے میں سکھائی جاتی ہیں:

پہلی بات:

www.taleemulkalam.org

حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش کا پیغام پیغمبروں نے پہلے سے دیا تھا۔ جیسے حضرت یشعیاہ (علیہ السلام) نے حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش سے سات سو سال پہلے فرمایا:
''دیکھو ایک کنواری حاملہ ہو گی۔ اُس سے بیٹا پیدا ہو گا اور وہ اُس کا نام عمانوایل رکھیں گے۔'' (عمانوایل کا مطلب 'خدا ہمارے ساتھ' ہے۔)

دوسری بات:

حضرت جبرئیل (علیہ السلام) نے حضرت مریم علیہ السلام کو اُن کی پیدائش کے بارے میں بتایا۔ اور یوسف کو بھی ایک فرشتے نے خواب میں آ کر سب کچھ بتایا۔ انجیل شریف میں لکھا ہے کہ فرشتوں کی کئی فوج آئی اور چرواہوں کو حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش کی خوشخبری سنائی۔ یہ سب اِس بات کا ثبوت ہے کہ حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش بہت خاص تھی۔

تیسری بات:

حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش سب سے الگ تھی، کیوں کہ وہ ایک کنواری ماں سے پیدا ہوئے۔ حضرت آدم (علیہ السلام) سے لے کر حضرت عیسیٰ المسیح تک ہر شخص باپ کے ذریعے پیدا ہوتا رہا ہے۔ مگر حضرت عیسیٰ المسیح اللہ کی روح سے، ایک کنواری سے پیدا ہوئے — بغیر کسی باپ کے۔ اِسی وجہ سے وہ بالکل پاک تھے، اُن میں کوئی گناہ نہیں تھا۔

چوتھی بات:

فرشتے نے یوسف سے کہا: ''اِس کا نام عیسیٰ رکھنا، کیوں کہ وہ اپنی قوم کو اُن کے گناہوں سے رہائی دے گا۔''
گناہوں سے نجات دینا حضرت عیسیٰ المسیح کا مقصد تھا۔ انجیل شریف کے مطابق:
''سب نے گناہ کیا، سب اللہ کے جلال سے محروم ہیں۔''
مگر حضرت عیسیٰ المسیح کے اندر کوئی گناہ نہیں تھا، اِس لیے اُنہوں نے ہمارے لیے اپنی جان صلیب پر قربان کی — تاکہ ہمارے گناہ معاف ہو سکیں۔ امید کرتا ہوں کہ آج آپ نے انجیل شریف کی طاقت کو سمجھا ہو گا۔ حضرت عیسیٰ المسیح کی پیدائش واقعی سب سے خاص تھی۔ وہ آپ کو آج بھی پکار رہے ہیں تاکہ آپ اُن کے شاگرد بن جائیں۔

کیا آپ اُن کا راستہ اختیار کرنے کے لیے تیار ہیں؟

www.taleemulkalam.org

ہم سے جڑنے کے لیے نیچے دیے گئے آئیکونز پر کلک کریں۔